


# Minhaj
Welfare Foundation

MWF

# رمضان 2018

"رمضان کا مہینہ (وہ ہے) جس میں قرآن اتارا گیا ہے جو لوگوں کے لئے ہدایت ہے اور (جس میں) رہنمائی کرنے والی اور (حق و باطل میں) امتیاز کرنے والی واضح نشانیاں ہیں، پس تم میں سے جو کوئی اس مہینہ کو پا لے تو وہ اس کے روزے ضرور رکھے اور جو کوئی بیمار ہو یا سفر پر ہو تو دوسرے دنوں (کے روزوں) سے گنتی پوری کرے، اﷲ تمہارے حق میں آسانی چاہتا ہے اور تمہارے لئے دشواری نہیں چاہتا، اور اس لئے کہ تم گنتی پوری کر سکو اور اس لئے کہ اس نے تمہیں جو ہدایت فرمائی ہے اس پر اس کی بڑائی بیان کرو اور اس لئے کہ تم شکر گزار بن جاؤ." (القرآن ۲:۱۸۵)

رمضان میں مسلمان صبح سے شام تک روزہ رکھتے ہیں، اللہ پاک نے قرآن میں ارشاد فرمایا:

"اے ایمان والو! تم پر اسی طرح روزے فرض کئے گئے ہیں جیسے تم سے پہلے لوگوں پر فرض کئے گئے تھے تاکہ تم پرہیزگار بن جاؤ" (القرآن ۲:۱۸۳)

رمضان دوسروں کو دینے اور بانٹنے کا مہینہ ہے۔ دنیا میں بے شمار لوگ غربت کی چکی میں پس رہے ہیں لہٰذا ایسے لوگوں کی مدد کرکے ہم اپنے رمضان کے مقصد کو پورا کر سکتے ہیں جیسا کہ قرآن ہمیں یاددہانی کراتا ہے

"اے ایمان والو! ان پاکیزہ کمائیوں میں سے اور اس میں سے جو ہم نے تمہارے لئے زمین سے نکالا ہے (اللہ کی راہ میں) خرچ کیا کرو" (القرآن ۲:۱۸۵)

**یہ رمضان منہاج کے ساتھ** - محبت, ایثار اور احساس کے جذبے کے تحت آپ بھی بے سہارا اور غریب لوگوں کی زندگی بدلنے کا ارادہ کریں ،مثلاً عرفان اور عبداللہ جیسے بچے، جو غربت کے باعث گھر جیسی نعمت سے بھی محروم ہیں جو اس کے علاوہ کچھ نہیں چاہتے کہ وہ سکول جائیں اور روشن مستقبل پائیں ،تاکہ وہ بھی اپنے خاندان کا سہارا بن سکیں۔ دنیا بھر میں عبداللہ اور عرفان جیسے بہت سے بچوں کی زندگی آپ کی وجہ سے بدل سکتی ہے۔

آپ بھی ہمارا طویل المیعاد عزم؛ **لوگوں کی زندگیوں کی تعمیر نو**, کا حصہ بنیں.

**یہ رمضان منہاج کے ساتھ** - اپنے دوستوں اور خاندان کے ساتھ مل کر افطار پارٹی کی میزبانی کریں اورضرورت مندوں کی ضروریات کا ذریعہ بنیں۔ اپنی افطار پارٹی کو صرف کھانے تک محدود نہ رکھیں بلکہ رمضان کے حقیقی معنی کو فروغ دینے کے لیےدنیا بھر کے حاجت مندوں کی خاطر شفقت ، محبت اور ایثار کے اس جذبے کو اجاگر کریں جس کو پورا کیا جا سکتا ہے صدقہ ، خیرات اورزکوۃ کا خصوصی انتظام کرکے۔ یہی دراصل روح رمضان ہے۔



عبد اللہ اور عرفان ۔جنوبی پنجاب ۔پاکستان



## کس قسم کی مالیت یا اثاثہ پر زکوۃ کی ادائیگی ضروری ہے؟

زکوۃ چار قسم کے اثاثوں پر واجب ہے :

**سونا**، **چاندی**، اور **نقد**۔

**مویشی**: جیسے اونٹ، گائے اور بکریاں وغیرہ،

تمام **تجارتی اشیاء** اور تجارتی مال (بشمول جائیداد جو دوبارہ فروخت کی نیت سے خریدی ھو).

وہ **مصنوعات** جو زمین سے پیدا کی جاتی ہیں جیسے پھل، سبزیاں اور معدنیات وغیرہ

## کیا زکوٰۃ کی ادائَگی کے وقت اس کی باقاعدہ نیت کرنا ضروری ہے؟

اپنے فرض کی ادائیگی کے لیے اس کا ارادہ کرنا ضروری ہے۔ وہ مالی معاملات، جو عبادات کا حصہ ہیں؛ کی ادائیگی کرتے وقت نیت ضروری ہے تاکہ وہ درست طریقے سے ادا ہو سکیں۔ فرض کی ادائیگی کی نیت یا ارادے کا مطلب ہے کہ وہ ارادہ کرے جیسے کہ وہ زکوۃ ادا کر رہا ہے، چاہے وہ حق داروں میں دولت کی تقسیم رقم کی ادائیگی کی صورت میں ہو یا سال کے دوران جب وہ زکوۃ کی رقم الگ کر رہا ہو۔

## کیا زکوٰۃ پیشگی قسطوں میں ادا ہو سکتی ہے؟

جی ہاں، جس پر قانونی طور پر زکوۃ کی ادائیگی لازم ہے وہ زکوۃ ادا کرنے کی نیت سے ماہانہ قسطوں کے ذریعے پورے سال میں ادا کر سکتا ہے، جب چاند کے حساب سے سال کا اختتام ہو، زکوۃ کا حساب کریں جو رہتی ہے وہ ادا کر دیں، بالکل اسی طرح جو بقایا رقم رہتی ہو وہ بھی قسطوں میں ادا کر سکتے ہیں




زکوۃ و صدقات سے متعلقہ مزید سوال و جوابات پر مشتمل کتاب کی مفت کاپی آرڈر کرنے کے لئے، ہم سے رابطہ کریں

www.minhajwelfare.org

# زکوٰۃ کیلکولیٹر

**اثاثہ جات**: براہِ کرم اپنے تمام اثاثہ جات جو زکوٰۃ کی ادائیگی کے وقت آپ کی ملکیت میں ہیں فہرست میں درج کریں

| | |
|---|---|
| سونے اور چاندی کی مالیت جو آپ کی ملکیت ہے | Rs. |
| کاروباری اسٹاک کی مالیت | Rs. |
| نقد اثاثہ جات | Rs. |
| کل اثاثہ جات | Rs. |

واجبات: براہ کرم تمام بقایا جات کی ادائیگی کو پورا کریں

| | |
|---|---|
| رقم واجب الادا، ادھار، کریڈٹ | Rs. |
| ملازمین کی تنخواہ | Rs. |
| موجودہ قمری سال کی ادائیگیاں: ٹیکس، کرایہ، بلز وغیرہ | Rs. |
| کل واجبات | Rs. |

اثاثہ جات Rs. - واجبات Rs. = کل اثاثہ جات Rs.

کل اثاثہ جات x 0.025 Rs. = زکوٰۃ Rs.

# بیشک صدقات (زکوٰۃ) ایسے لوگوں کے لئے ہیں

1: غریبوں 2: محتاجوں 3: زکوٰۃ کی وصولی پر مقرر کئے گئے کارکنان 4: ایسے لوگ جن کے دلوں میں اسلام کی الفت پیدا کرنا مقصود ہو 5: انسانی گردنوں کو (غلامی کی زندگی سے) آزاد کرانے میں 6: قرض داروں کے بوجھ اتارنے میں 7: اللہ کی راہ میں محنت کرنے والے 8: مسافروں (ایک مسافر جو گھر سے دور ہے اور گھر واپس آنے کے لئے اس کے پاس کافی رقم نہ ہو) یہ (سب) اللہ کی طرف سے فرض کیا گیا ہے، اور اللہ خوب جاننے والا بڑی حکمت والا ہے

کیا آپ جانتے ہیں کہ منہاج ویلفیئر فاؤنڈیشن کے تمام منصوبے زکوٰۃ کے اہل ہیں؟ منہاج ویلفیئر فاؤنڈیشن کے ذریعے اپنی زکوٰۃ کا عطیہ دینے کے لیے کسی بھی منصوبے کا انتخاب کریں۔

## سحری و افطاری

**Rs.8,250**

رمضان المبارک میں میں پانچ افراد پر مشتمل خاندان کے لیے سحری و افطاری کا انتظام کریں

## فدیہ

**Rs.19,800**

فدیہ ان افراد کی طرف سے ادائیگی ہوتی ہے جو سخت بیماری یا بڑھاپے کی وجہ سے روزہ کی ذمہ داری ادا نہیں کر سکتے۔

(Rs. 660 **فی روزہ**)



## یتیم و بے سہارا کی امداد

# میں اور یتیم کی پرورش کرنے والا

جنت میں اِس طرح قریب قریب ہوں گے اور آپ ﷺ نے اپنی دونوں انگلیوں، انگشتِ شہادت اور درمیانی انگلی سے اشارہ فرمایا

حدیث بخاری و مسلم



جب آپ منہاج ویلفیئر فاؤنڈیشن کے ساتھ کسی بچے کی کفالت کا بیڑا اٹھاتے ہیں تو اِس سے اُس کی زندگی میں بہت مثبت اور اہم تبدیلیاں رونما ہوتی ہیں۔ ان تبدیلیوں کے اثرات صرف اُس بچے تک محدود نہیں رہتے بلکہ اس سے اُس کا خاندان ، برادری اور دوسرے ضرورت مند بچے بھی مستفید ہوتے ہیں۔ آپ کی **کفالت** میں یتیم و بے سہارا اور ضرورت مند بچوں کے پائیدار مستقبل کی ضمانت ہے۔



جب کسی بچے پر زندگی تنگ ہو جائے تو منہاج ویلفیئر فاؤنڈیشن **آغوش** کی صورت میں ان یتیم اور بے سہارا بچوں کے لیے تمام ضروریاتِ زندگی فراہم کرتی ہے۔ آغوش بچوں کو ایسا محفوظ ماحول فراہم کرتا ہے جہاں وہ اپنا بچپن سے لڑکپن اور جوانی کی طرف سفر آسانی سے طے کر پاتے ہیں۔ لاہور ، سیالکوٹ اور ملتان میں آغوش سنٹرز (یتیم خانوں) کی موجودگی کے ساتھ ساتھ اب کراچی میں بھی اس کا افتتاح ہو چکا ہے اور یہ سب آپ کے تعاون کی بدولت ہی ممکن ہو سکا ہے۔




ORPHAN CARE HOME
Aghosh
LAHORE



## آپ بھی اس روشن تبدیلی کا حصہ بن سکتے ہیں

### یتیم اور بے سہارا بچے کی کفالت

ماہانہ **Rs. 5,750**    سالانہ **Rs. 69,000**

رہائش، خوراک، کپڑے، تعلیم، طبّی اور محبت و شفقت
کے جذبے کے تحت ضرورت مند اور یتیم کا سہارا بنیں

# تعلیم سب کے لیے

منہاج ویلفیئر فاؤنڈیشن نے 1995 مین ایک بے مثال مہم شروع کی جس کا مقصد تھا کہ دیہی اور پسماندہ علاقوں میں رہنے والوں تک بنیادی تعلیم کی فراہمی ممکن ہو، الحمدللہ آج بیس سال بعد ہمارے اس سفر میں دنیا بھر کے عطیہ دہندگان کا تعاون اس بات کی عکاسی کرتا ہے کہ وہ ہمارے نقطہ نظر سے اتفاق کرتے ہیں

**تعلیم فراہم کرنا صدقےکی سب سے زیادہ پائیدار شکل ہے.**



پاکستان دوسرے نمبر پر سب سے بڑا ملک ہے جہاں بچے سکول نہیں جاتے اور اِن میں زیادہ تعداد لڑکیوں کی ہے

## 640+
## تعلیمی ادارہ جات

## OUR Girls OUR Future
## ہماری بیٹیاں ہمارا مستقبل

منہاج ویلفیئر فاؤنڈیشن نے 2018 میں، **تعلیم سب کے لئے** کے نقطہ نظر کے تحت پاکستان کے جنوبی پنجاب کے ایک پسماندہ علاقے **خانیوال** میں یتیم اور بے سہارا بچیوں کے لیے Orphan Village تعمیر کرنے کا آغاز کیا ہے، اس کا تقریبا تخمینہ 0.5 ملین پونڈ ہے.جس میں 800 طالبات کے لیے گرلز کالج ، ہاسٹل کی سہولیات، پرائمری اور ثانوی اسکولوں اور پیشہ ورانہ تربیتی مراکز شامل ہیں جن میں نوجوان لڑکیوں کوایسی مہارت سے بھی آراستہ کیا جاَئے گا جس کے ذریعے وہ اپنے خاندان کی کفالت کا بیڑہ اٹھا سکیں گی ۔






## تعلیمی کفالت

### پرائمری و سیکنڈری

ماہانہ Rs.2,500

سالانہ Rs.30,000

معیاری تعلیم تک رسائی کے لیے ایک اسکول کے طالب علم کی کفالت کریں

### حفظِ قرآن

ماہانہ Rs.4,250

سالانہ Rs.51,000

پرائمری اسکول کے ساتھ ساتھ قرآن پاک حفظ کرنے کی ایک بچے کی کفالت

### اعلیٰ تعلیم

ماہانہ Rs.4,250

سالانہ Rs.51,000

کالج اور یونیورسٹی میں اعلیٰ تعلیم تک رسائی حاصل کرنے والے ایک طالب علم کی تعلیمی کفالت

# رمضان کریم کی خصوصی دعائیں

## نیا چاند دیکھنے پر

اَللّٰھُمَّ اَھِلَّہُ عَلَیْنَا بِالْیُمْنِ وَالْاِیْمَانِ وَالسَّلَامَۃِ وَالْاِسْلَامِ وَالتَّوْفِیْقِ لِمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی رَبِّیْ وَرَبُّکَ اللّٰہُ

اے اللہ! اس چاند کو ہم پر برکتِ ایمان، خیریت اور سلامتی والا کردے اور (ہمیں) توفیق دے اس (عمل) کی جو تجھے پسند اور مرغوب ہو (اے چاند!) میرا اور تیرا رب اللہ ہے

## روزہ کا آغاز [سحری]

وَبِصَوْمِ غَدٍ نَّوَیْتُ مِنْ شَھْرِ رَمَضَانَ.

اور میں نے ماہ رمضان کے کل کے روزے کی نیت کی.

## روزہ کھولنا [افطار]

اَللّٰھُمَّ اِنِّی لَکَ صُمْتُ وَبِکَ اٰمَنْتُ وَعَلَیْکَ تَوَکَّلْتُ وَعَلٰی رِزْقِکَ اَفْطَرْتُ.

اے اللہ! میں نے تیری خاطر روزہ رکھا اور تیرے اوپر ایمان لایا اور تجھ پر بھروسہ کیا اور تیرے رزق سے اسے کھول رہا ہوں

## دوست کے گھر میں افطاری

أَفْطَرَ عِنْدَکُمُ الصَّائِمُونَ، وَ أَکَلَ طَعَامَکُمُ الأَبْرَارُ، وَ صَلَّتْ عَلَیْکُمُ الْمَلائِکَۃُ

روزہ دار آپ کے ساتھ روزہ افطار کریں اور نیک لوگ آپ کا کھانا کھائیں اور فرشتے آپ پر اللہ کی رحمتیں بھیجیں

## نعمتیں طلب کرنا

رَبِّ إِنِّي لِمَا أَنزَلْتَ إِلَيَّ مِنْ خَيْرٍ فَقِيرٌ

اے اللہ! میں ہراس نیکی کا طالب ہوں جو تو مجھے عطا کرے

## لیلۃالقدر پر

اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّیْ یَا غَفُوْر

اے اللہ! تو معاف کرنے والا ہے اور معافی کو پسند کرتا ہے پس مجھ کو معاف فرمادے اے بخشنے والے



# پہلے عشرے کی دعا

رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ

اے میرے رب مجھے بخشش دے مجھ پر رحم فرما، تو سب سے بہتر رحم فرمانے والا ہے۔

# دوسرے عشرے کی دعا

اَسْتَغْفِرُاللّٰہَ رَبِّیْ مِنْ کُلِ ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ اِلَیْہ

میں اللہ سے تمام گناہوں کی بخشش مانگتا/مانگتی ہوں جو میرا رب ہے اور اسی کی طرف رجوع کرتا / کرتی ہوں۔

# تیسرے عشرے کی دعا

اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَفَاعْفُ عَنَّا

اے اللہ بے شک تو معاف کرنے والا ہے معاف کرنے کو پسند کرتا ہے پس ہمیں معاف فرمادے.



# صاف اور معیاری پان
# بہترین اور صحت م

## پانی سب کے لیے

تھر کے ریگستان میں، پینے کے صاف پانی تک رسائی وہاں کے لوگوں کو درپیش سب سے بڑے چیلنجز میں سے ایک ہے. اسی طرح، کینیا کے شمال مشرقی علاقے میں کمیونٹیز موجود ہیں جو قریبی دریا کے آلودہ اور کھارے پانی سے بری طرح متاثر ہیں۔ منہاج ویلفئیر فاؤنڈیشن دنیا بھر کے غریب اور پسماندہ علاقوں میں کمیونٹیز کے ساتھ مل کر تازہ صاف پانی کی سہولیات کومہیا کرنے کا کام کر رہی ہے. اور اس کا سہرا ہمارے دنیا بھرمیں موجودعطیہ دہندگان کو جاتا ہے



عبدی نے ہمیں بتایا،

”منہاج کا شکریہ،اب ہمارے پاس پینے کے صاف پانی کی سہولت میسر ہے ۔مجھے یقین نہیں آتا کہ اب میرا خاندان ہیضہ جیسی مہلک بیماری کا شکار نہیں ہو گا یا پانی خشک ہو جائے گا اس کی فکر نہیں کرنی پڑے گی“

عبدی کے خاندان کے پاس اب وافر پانی موجود ہے جو نہ صرف پینے بلکہ نہانے دھونے اور کھانا پکانے کے لیے بھی کافی ہے، نتیجۃً بیماری کے خطرات کم ہوئے اور پورے خاندان کی صحت پر مثبت اثرات رونما ہوئے۔

# انی
# مند زندگی کی ضمانت



### چھوٹا نلکا

**Rs.30,000**

ایک چھوٹے نلکہ کی تنصیب تقریبا 15 گھروں پر مشتمل گاؤں کو صاف پانی کی فراہمی میں مدد کرے گی

### بڑا نلکا

**Rs.75,000**

ایک بڑا پانی کا نلکا بہت سے قریبی گاؤں کو صاف پانی کی فراہمی میں مدد کرے گا

### کنواں

**Rs.500,000**

ایک گاؤں کو پینے کے صاف پانی کی سہولت کے مہیا کرنے کے ساتھ مویشیوں اور فصلوں کے لیے بھی اس کے ذریعے پانی کی فراہمی ممکن ہو گی



# روھنگیا کے لیے امید

ایک اندازے کے مطابق 2017 تک 671,000 روہنگیا میانمار کی ریاست **راکھین** کے تشدد سے فرار ہوکر بنگلہ دیش میں داخل ہوئے۔**کوکس** کے بازار میں 1 کروڑ سے زیادہ روہنگیا آباد ہیں نئے آنے والے، عارضی خیمہ بستیوں میں مقیم ہیں۔ بنیادی انسانی ضروریات بڑھتی جا رہی ہیں جن میں رہائش، خوراک، پینے کے صاف پانی کی فراہمی اور اور حفظان صحت شامل ہیں۔



- روہنگیا پناہ گزینوں کی مدد کے لئے منہاج ویلفیئر فاؤنڈیشن نے جب اگست 2017 میں اپیل کا آغاز کیا تو ہمیں اپنے ڈونرز سے غیر معمولی مثبت جواب موصول ہوا

- **اشیائے خوردونوش کی فراہمی** میں ہزاروں روہنگیا پناہ گزینوں نے غذائی پارسل وصول کیے اور مختلف خیموں میں عارضی باورچی خانے قائم کیے گئے جہاں روزانہ کی بنیادوں پر پناہ گزینوں میں گرم اور تازہ کھانے کی تقسیم ہوئی۔

- منہاج ویلفیئر فاؤنڈیشن نے **پینے کے صاف پانی کی سہولیات** فراہم کرنے کے لیے مختلف جگہوں پر نلکے تنصیب کیے۔

- بہت سے مقامات پر **خیموں کی تنصیب** کی گئی۔ لیکن ہزارہا پناہ گزین بارش کے موسم میں اب بھی بے یارومددگار آپ کی امداد کے منتظر ہیں۔

- منہاج ویلفیئر فاؤنڈیشن نے اپنا **طبی کیمپ** تیار کیا جو 6 طبّی ماہرین اور 20 رضاکاران مشتمل ہے جن کے ذریعے روزانہ مفت علاج معالجہ اور ادویات کی فراہمی کو ممکن بنایا جاتا رہا ہے۔















## 1.8 ملین

روہنگیا مہاجرین اشدّ امداد کے منتظر ہیں

## 1 ملین

سے زائد روہنگیا مہاجرین صرف بنگلہ دیش میں آباد ہیں

## 671,000

سے زائد روہنگیا مہاجرین صرف اگست 2017 کے بعد بنگلہ دیش میں آباد ہوئے ہیں



# HOPE for ROHINGYA

### فوڈ پیک
**Rs.8,250**

ایک ماہ کے لئے پورے خاندان کے کھانے پینے کو یقینی بنایں

### طبی امداد
**Rs.12,500**

ایک طبّی امداد والا پیکیج پورے خاندان کو بنیادی طبّی امداد فراہم کرسکتا ہے

### پانی کا نلکا
**Rs.30,000**

تقریبا 15 گھروں پر مشتمل گاؤں کو صاف پانی کی فراہمی میں مدد کریں

### پناہ گاہ
**Rs.57,750**

پناہ گزین خاندانوں کے لئے واٹرپروف خیمے کی فراہمی کو ممکن بنائیں

# ہنگامی امداد

## شام کی مدد کریں



شام میں تاریخ کے بدترین تنازع کا آغاز 2011 میں ہوا جس میں 13 ملین سے زائد لوگ متاثر ہوئے۔ منہاج ویلفیئر فاؤنڈیشن آپ کے تعاون سے شام میں اشیائے خوردونوش، علاج معالجہ اور خیمہ بستیوں جیسی اہم خدمات فراہم کرنے لے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے ہوئے ہے۔ شامی متاثرین جو قریبی ممالک میں آباد ہوئے ہم ان تک بھی رسائی حاصل کر رہے ہیں جس کی بدولت ہماری امداد تقریباً 20،000 سے زائد خاندانوں تک پہنچ چکی ہے جس میں محتاج اور ضرورت مند بچوں کی کفالت جیسی خدمات شامل ہیں۔

## غزہ کی مدد کریں



غزہ دنیا کے سب سے زیادہ گنجان آبادی علاقوں میں سے ایک ہے. انتہائی غربت و افلاس، جاری تنازعات اور ناکہ بندیوں کی وجہ سے فلسطینی عوام کو بنیادی انسانی ضروریات تک رسائی میسر نہیں ہے.

منہاج ویلفیئر فاؤنڈیشن متاثرہ فلسطینی خاندانوں کو ترکی کے بارڈر پر ضروری امدادفراہم کر رہی ہے۔ جس میں اشیائے خوردونوش، پینے کے صاف پانی تک رسائی، یتیم اور بے سہارا طلباء و طالبات کے لئے وظائف بھی شامل ہیں۔ اشیائے خوردونوش کی فراہمی کے منصوبہ جات اور کسانوں کو کاشت کاری میں خود کفیل ہونے میں بھی مدد فراہم کر رہے ہیں تاکہ وہ خود اور اپنے خاندانوں کی طویل المعیاد کفالت کرنے میں کامیاب ہوسکیں ۔

help feed

EMBRACE THE CHILL
ACT BEFORE THEY FREEZE

## افریقہ کی مدد کریں



مشرقی افریقہ میں 22 ملین سے زائد لوگ خشک سالی سے متاثر ہوئے ہیں،، اور کم از کم 13 لاکھ کو شدید غذائی قلّت کا سامنا ہے۔ خشک سالی فصلوں کی تباہی اور مویشیوں کے مرنے کا سبب بنی، جبکہ آلودہ پانی کے سبب ہیضہ اور دیگر بیماریوں کے خطرے میں مزیڈ اضافہ ہوا۔ جنوبی سوڈان میں سفاکانہ جنگ نے 33 ملین سے زائد افراد کو اپنے گھروں سے نکلنے پر مجبور کر دیا جس سے لاکھوں لوگ کی زندگی متاثر ہوئی۔ منہاج ویلفیئر فاؤنڈیشن بھوک کے بحران کو روکنے کے لئے اور زندگیاں بچانے کے لیے ضروری امداد کی فراہمی میں اپنا اہم کردار ادا کر رہی ہے۔

# دنیا بھر میں 65.6 ملین سے زیادہ لوگ بے گھر ہو چکے ہیں

### فوڈ پیک

**Rs.8,250**

ایک ماہ کے لئے پورے خاندان کے کھانے پینے کو یقینی بنایں

### طبی امداد

**Rs.12,500**

ایک طبّی امداد والا پیکیج پورے خاندان کو بنیادی طبّی سہولیات فراہم کرسکتا ہے

### پناہ گاہ

**Rs.57,750**

پناہ گزین خاندانوں کے لئے
واٹرپروف خیمے کی فراہمی کو ممکن بنائیں

# مقامی منصوبہ جات

منہاج ویلفیئر فاؤنڈیشن جس طرح دنیا بھر میں اپنی ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل میں پر عزم ہے اسی طرح مقامی کمیونٹی کی بڑھتی ہوئی ضروریات سے بھی بخوبی آگاہ ہے اور یہ اس کے وجود کا بنیادی مقصد ہے، جو اس اپنے مقامی منصوبہ جات میں ہمیشہ پر عزم رکھتا ہے

## منہاج کالج مانچسٹر

ایک کل وقتی آزاد کالج ہے۔ مختلف تعلیمی شعبوں میں تعلیم کا معیار بہت اعلی ہے جس میں اسلامی تعلیمات کے نصاب کے ساتھ ساتھ (A-Levels) بھی شامل ہے، منہاج کالج مانچسٹر کو اس بات پر فخر ہے کہ وہ اپنے طلباء کو ذاتی، روحانی اور تعلیمی رہنمائی کلیت کے معنی میں فراہم کرتا ہے، اسی طرح اپنے طلباء کی دیکھ بھال کا نظام بھی روزانہ کی سرگرمیوں کا مرکزی حصہ ہے۔

## تحقیق و تصنیف

تحقیق و تصنیف ایک سرشار محکمہ ہے جو مختلف زبانوں میں تحقیق اور تراجم کے کام میں مصروف ہے، اس شعبے کی طرف سے تیار کردہ کام کتب، کورسز اور نصاب کی شکل میں ہوتا ہے جو اس کے بعد تعلیمی اداروں، سیمینارز، اسکولوں اور یونیورسٹیوں میں اہم حوالے اور گائیڈ کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔

## ورکشاپس

منہاج ویلفیئر فاؤنڈیشن ایسی ورکشاپس اور کورسز کا انتظام سیمینار کی شکل میں کرتی ہے جو طلباء کو اپنے معاشرے کے مؤثر شہری بننے میں مدد و معاون ثابت ہوتے ہیں۔ یہ سیمینار انفرادی و اجتماعی صورتوں میں عمل میں لائے جاتے ہیں

## بیداری شعور

منہاج ویلفیئر فاؤنڈیشن بیدارِی شعور مہمات کا بھی اہتمام کرتی ہے جس میں رائے عامہ کو اس طرح ہموار کیا جاتا ہے کہ وہ معاشرے پر مثبت اثرات چھوڑے۔ ہماری بیدارِی شعور مہمات مقامی سطح پر مختلف طبقات کے باہمی میل جول اور دلچسپی کو مدِ نظر رکھتے ہوئے عمل میں لائی جاتی ہیں، جس میں پرنٹ اور الیکٹرونک میڈیا، سوشل میڈیا، ورکشاپس اور مباحثوں جیسی سرگرمیاں شامل ہیں۔

## بے گھر افراد

رپورٹس کے مطابق بے گھر افراد کی تعداد میں کماحقہ اضافہ ہوا ہے۔ منہاج ویلفیئر فاؤنڈیشن مقامی لوگوں اور ساتھی رضاکاروں کے ساتھ مل کر ان بے گھر افراد کو گرم کھانے اور تیار شدہ فوڈ پیکس کی فراہمی کا انتظام بھی کرتی ہے




| | |
|---|---|
| ورکشاپس | Rs.12,500 |
| منہاج کالج مانچسٹر | Rs.42,000 |
| بیدارِی شعور | Rs.42,000 |
| بے گھر افراد | Rs.8,250 |





# عيد مبارك

EID MUBARAK

## صدقه الفطر

Rs.660 فی بندہ

ایک ضرورت مند شخص کو دن کا دو وقت کا
کھانا فراہم کریں

## عید گفٹ

Rs.12,500

عید کی خوشیاں بانٹیں۔ ایک فوڈ پیک جس میں
شامل ہیں؛ نئے کپڑے، کھانا اور بچوں کے لئے
مختلف تحائف اور کھلونے وغیرہ







View or order your free copy of the
annual summary report online at **www.minhajwelfare.org**

**Minhaj**
Welfare Foundation
MWF

www.MinhajWelfare.org
**+92 111 140 140**
Follow us

Address: 366 M, Model Town Lahore, Pakistan

Pakistan
Bank Name: **Habib Bank Limited**
Bank Address: **2-B Faisal Town Lahore**
Account Number: **01977900163103**
Branch Code: **0197**

Foreign Transaction
Bank Name: **Habib Bank Limited**
Bank Address: **2-B Faisal Town Lahore, Pakistan**
IBAN: **PK34HABB0001977900163103**
SWIFT CODE: **HABBPKKA**